© rasailojaraid.com



بے معنی ہو جاتا ہے۔ خود عمل ہو تو ان واقعات سے رہنمائی اور توانائی ملتی ہے۔ عبدالرحمٰن کیلانی نے اس زاویے سے سیرت کا مطالعہ پیش کر کے مخالف و موافق سب کے لیے ایک خدمت انجام دی ہے۔ (م - س)

## تعارف کتب

☆ قربانی کا مقصد، جانور کو ذبح کرنے کا طریقہ اور نمازِ عید کے مسائل، مولانا غلام محمد منصوری۔ ناشر: اسلامک ایجوکیشن کمیٹی، کویت۔ صفحات: ۶۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [قربانی، ذبیحے اور عید کے متعلق مختصر مگر مفید رہنمائی]

☆ سید مودودیؒ: ایک جامع تعارف، عبدالحفیظ رحمانی۔ دارالعرفان، ۴ قاسم سٹریٹ، آر این پلایام، ویلور، تمل ناڈو، بھارت۔ صفحات: ۱۷۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [کتابت، طباعت، سرورق خوب صورت۔ زیادہ تر رسائل، اخبارات اور کتب سے اقتباسات۔ تصنیف سے زیادہ تالیف و تدوین۔ موضوع کا مفید تعارف]

☆ اقبالیات نیرنگ خیال، محمد وسیم انجم۔ ناشر: انجم پبلشرز، کمال آباد ۳، راولپنڈی۔ صفحات: ۳۶۸۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔ [ایم فل اقبالیات کا تحقیقی مقالہ۔ معروف ادبی رسالے نیرنگ خیال میں اقبالیات سے متعلق لوازمے کا جائزہ اور اشاریہ--- ایک مفید کاوش]

☆ معین الطریقت، شیخ اکبر امام محی الدین ابن عربیؒ، ترجمہ: معین نظامی۔ ناشر: کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ، اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور۔ صفحات: ۲۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [مترجم نے بہ قول ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ: اس ''مختصر مگر جامع اور مفید رسالے'' کا ترجمہ ''آسان اور عام فہم اسلوب'' میں کیا ہے]

☆ سیکولرزم، جمہوریت اور انتخابات، ڈاکٹر محمد عبدالحق انصاری۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی۔ صفحات: ۲۴۔ قیمت: ۸ روپے۔ [اپنے موضوع پر، خصوصاً بھارت کے حوالے سے، ایک مفید اور فکر انگیز مقالہ]

☆ پردیس کی زندگی اور اسلام، سلطان احمد اصلاحی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ صفحات: ۹۰۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [''مسلمان مرد جو خدا اور رسولؐ کے ساتھ بے لاگ وفاداری میں زندگی بسر کرنے کا آرزومند ہو، اس کے لیے کسی صورت جائز نہیں ہو سکتا کہ بال بچوں سے دُور کئی کئی سال کے تنہا پردیس کو وہ زندگی کا معمول بنا لے'' ص ۸۴]

☆ گلزارِ عابد، سید عابد شاہ عابد۔ ناشر: سیرت اکادمی بلوچستان، ۲-۲۷، اے، او بلاک ۳، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [چشتی مودودی خانوادے کے ۱۹ ویں صدی کے شاعر کا مجموعہ غزلیات، طبع اوّل ۱۹۱۵ء کی عکسی اشاعت]

---

فروری ۲۰۰۱ء کے شمارے میں اندرونی سرورق کا اشتہار سہواً ماہ رمضان المبارک کے تذکرے والا لگا دیا گیا۔ ادارہ اور اشتہاری ایجنسی قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔ اشتہار دوبارہ دیا جا رہا ہے۔ مینیجر

© rasailojaraid.com